سوال

(165)غائبانہ نمازجنازہ کی شرعی حیثیت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاشہید کی غائبانہ نمازجنازہ جائزہے قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں۔ (ابومعاذثاقب شیخ، وہاڑی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شہید ہویاغیر شہیداس کا نمازجنازہ غائبانہ جائزہے اس کے متعلق جہادٹائمزاور مجلہ الدعوۃ میں تفصیلی فتویٰ کئی بار طبع ہوچکا ہے۔

تفصیل کےلئے راقم کی کتاب "آپ کے مسائل اوران کا حل" ملاحظہ کرلیں وہاں باحوالہ مفصل بحث موجود ہے یادرہے کہ ماہ اگست 2000ء کے شمارہ منہاج القرآن میں بھی غائبانہ جنازہ کے جواز کا مفصل فتویٰ چھپا ہے۔ جس میں بریلوی حضرات نے بھی تسلیم کرلیا ہے کہ غائبانہ نمازجنازہ بالکل صحیح ودرست ہے اوراب یہ فتویٰ "منہاج الفتاویٰ" میں بھی جامع ہوچکا ہے شائقین اس کی طرف مراجعت کرلیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الجنائز، صفحہ:220

محدث فتویٰ